ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(197)

مورخہ 06.04.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 22 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ صدر بہاول پور، سمہ سٹہ، مسافر خانہ، سٹی احمد پور شرقیہ، ڈیرہ نواب صاحب، چنی گوٹھ، ہیڈ راجکاں، صدر حاصل پور اور قائم پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 768 لیٹر دیسی شراب اور 04 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔ اسی طرح تھانہ عنائتی پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 540 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ سول لائینز، سمہ سٹہ، ڈیرہ نواب صاحب، ہیڈ راجکاں، خیر پور ٹامیوالی اور قائم پور پولیس نے 07 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد کاربین 12 بور اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(198)

06.04.24

بہاولپور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کا بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کی ویلفیئر کیلئے اہم اقدام، بہاولپور پولیس اور امیر کن لائسیم انٹرنیشنل سکول ماڈل ٹان A کیمپس کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔پولیس افسران و جوانوں کی ویلفیئر بھی اولین ترجیحات میں شامل ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کے بچوں کو سستی اور معیاری تعلیم و تربیت کی فراہمی کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان اور امیر کن لائیسیم انٹرنیشنل سکول کی انتظامیہ نے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔مفاہمتی یادداشت کی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور میں منعقد ہوئی۔مفاہمتی یادداشت کے مطابق امیر کن لائسیم انٹرنیشنل سکول پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچوں کو رعائتی فیسوں پر تعلیم مہیا کریگا۔معاہدے کی رو سے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچے ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور سے سرٹیفکیٹ حاصل کر کے داخلہ لینے کے مجاز ہو گے۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ ہم پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچوں کی معیاری تعلیم کے لیے مزید عملی اقدامات کریں گے اور مختلف تعلیمی اداروں کے ساتھ مزید مفاہمتی یادداشتیں دستخط کی جائینگی۔امیر کن لائسیم انٹرنیشنل سکول کے وفد نے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید کہا کہ پولیس جوانوں کی ویلفیئر بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور:ڈی پی او اسد سرفراز خان بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کی ویلفیئر کیلئے امیر کن لائسیم انٹرنیشنل سکول ماڈل ٹاؤن A کیمپس کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرر ہے ہیں